# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 21 January-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱/جنوری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

### :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ڈھائی لاکھ روپے آمدنی والے زمرے کی خواتین کو ہی لاڑکی بہین اسکیم کا فائدہ ملے گا- نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی وضاحت۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے میں بنگلہ دیشی دراندازوں کی تلاش مہم شروع کرنے کا رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ کا اعلان۔

☆ پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے سے ملکی معیشت کو دو لاکھ کروڑ روپے کا فائدہ ہوگا۔

☆ ایم ٹی ڈی سی کی جانب سے گولڈن جوبلی سال کے موقعے پر سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے مختلف سرگرمیوں کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ ''ماجھی وسندھرا'' مہم میں چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کو ڈویژن میں سرِفہرست مقام، ڈیڑھ کروڑ روپے کا انعام دیگر میونسپل انتظامیہ کا اعزاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے کہا ہے کہ لاڑکی بہن یوجنا بند نہیں کی جائے گی؛ تاہم جن خواتین کی آمدنی ڈھائی لاکھ روپئے سے کم ہے وہی خواتین اس اسکیم کا فائدہ حاصل کرسکیں گی۔ کل جالنہ میں راشٹروادی کانگریس پارٹی کے دفتر کے افتتاح کے موقع پر پوار بول رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ حکومت نے بہبودیِ خواتین واطفال محکمے کو تین ہزار سات سو کروڑ روپے کا فنڈ دیا ہے، اور اس فنڈ سے متعدد خواتین کے بینک کھاتوں میں اسکیم کے پیسے جمع کرنے کی شروعات ہوگئی ہے۔

دریں اثنا، جالنہ میں انتظامی عمارت کے ساتھ منصوبہ بندی عمارت کے کاموں کا معائنہ کرنے کے بعد، پوار نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے کاموں کو سہل بنانے کا مشورہ بھی دیا۔

***** ***** *****

پریسائیڈنگ افسران کی 85ویں کُل ہند کانفرنس کا کل سے بہار کے پٹنہ میں آغاز ہوا۔ دستورِ ہند کے 75 سال مکمل ہونے کی مناسبت سے آئین کے استحکام اور پارلیمنٹ و ریاستی اسمبلیوں کے تعاون پر اس کانفرنس میں تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے پریسائیڈنگ افسران، مہاراشٹر قانون ساز کونسل کے اسپیکر رام شندے، اسمبلی کے اسپیکر راہل نارویکر سمیت قانون ساز اداروں کے اسپیکر اور ملک کے مختلف حصوں سے دیگر افسران وعہدیداران اس میں شریک ہوئے ہیں۔

***** ***** *****

سوئٹزرلینڈ کے داووس میں جاری اقتصادی فورم کے اجلاس میں وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کل ورلڈ اکنامک فورم کے بانی صدر کلاس شواب سے ملاقات کی۔ داووس میں مہاراشٹر اپویلین تیار ہو چکا ہے اور آئندہ دو دنوں میں یہاں پر مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس دوران مہاراشٹر کیلئے مفاہمتی معاہدوں سمیت مختلف کمپنیوں کے ساتھ میٹنگیں بھی کی جائیں گی۔

***** ***** *****

کولکاتہ کے آر جی کار اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کے ساتھ جنسی زیادتی اور قتل کے معاملے میں ملزم سنجے رائے کو سِیالدہ کی خصوصی سی بی آئی عدالت نے عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ عدالت نے متوفی ڈاکٹر کے ورثا کو 17 لاکھ روپے ادا کرنے کا حکم بھی دیا۔ گزشتہ برس اگست کے مہینے میں یہ واقعہ پیش آیا تھا۔

***** ***** *****

بدلاپور میں بچوں کے جنسی استحصال معاملے کے ملزم اکشئے شندے کے مبینہ انکاؤنٹر کی عدالتی تحقیقاتی رپورٹ کل ممبئی ہائی کورٹ میں پیش کی گئی۔ اکشئے کی موت کیلئے صرف پانچ پولس اہلکار ذمہ دار ہونے کی وضاحت اس رپورٹ میں کی گئی ہے۔ ملزم کے ساتھ ہاتھا پائی میں مذکورہ پانچ پولس اہلکاروں کی جانب سے طاقت کے استعمال کو غلط قرار دیتے ہوئے پستول پر ملزم کے انگلیوں کے نشانات نہ ملنے اور پولس کی جانب سے اپنے دفاع میں ملزم پر گولی چلانے کا دعویٰ مشکوک ہونے کی بات بھی رپورٹ میں موجود ہے۔ 23 ستمبر 2024 کو ہوئے اس انکاؤنٹر میں اکشئے شندے مارا گیا تھا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے رابطہ وزیر سنجے شرساٹ نے ضلعے میں بنگلہ دیشی شہریوں کی تلاشی کیلئے مہم چلانے کا اعلان کیا ہے۔ کل سلوڑ میں بی جے پی رہنما کریٹ سومیا نے سب ڈویژنل افسر لطیف پٹھان سے ملاقات کرکے ضلعے میں بنگلہ دیشی دراندازوں کی موجودگی سے متعلق بات کی تھی، اس بارے میں صحافیوں کی جانب سے پوچھے گئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے شرساٹ نے آئندہ دو ہفتوں میں یہ تلاشی مہم شروع کرنے کا اعلان کیا۔ شرساٹ نے مزید بتایا کہ آئندہ ایک ہفتہ یا پندرہ دِنوں میں ضلع کلکٹر، پولس اور دیہی پولس سپرنٹنڈنٹ کا ایک مشترکہ دستہ تشکیل کرکے گھر گھر جاکر متعلقہ تمام اطلاعات کی معلومات حاصل کی جائیں گی۔ شہر میں جعلی آدھار اور الیکشن کارڈ بنانے والی ٹولی کے سرگرم ہونے اور شہر و ضلع میں بنگلہ دیشی درانداز موجود ہونے کی وضاحت کرتے ہوئے شرساٹ نے ان کی دھر پکڑ کیلئے مہم شروع کرنے کا اعلان بھی کیا۔

***** ***** *****

**یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔**

***** ***** *****

ریاستی انتخابی کمشنر عہدہ پر دنیش واگھمارے کا تقرر کیا گیا ہے۔ گورنر کے حکم پر اس سلسلے میں کل ایک سرکاری اعلامیہ جاری کیا گیا۔

***** ***** *****

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے سے ملک کی معیشت میں دو لاکھ کروڑ روپے کا اضافہ ہونے کی اطلاع وزارت خارجہ نے دی ہے۔ کل دہلی میں اُمورِ خارجہ اور اتر پردیش حکومت کے اہلکاروں نے غیر ملکی صحافیوں سے بات چیت کی۔ عیاں رہے کہ مہا کمبھ میلے میں 45 کروڑ عقیدت مندوں کی آمد متوقع ہے، ساتھ ہی 15 لاکھ غیر ملکی سیاحوں کی شرکت کا بھی امکان ہے۔ گذشتہ 13 جنوری سے شروع ہونے والا مہا کمبھ میلہ آئندہ ماہ 26 فروری تک جاری رہے گا۔

***** ***** *****

قومی طلبہ تنظیم (این سی سی) میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کو وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ہاتھوں کل وزارتِ دفاع اعزازات سے نوازا گیا۔ اعزاز یافتہ طلبہ میں مہاراشٹر کا ایک طالب علم منن شرما بھی شامل ہے۔ کل نئی دہلی میں این سی سی کے یوم جمہوریہ کیمپ میں تقسیمِ ایوارڈ کی تقریب منعقد ہوئی۔ اس موقعے پر راج ناتھ سنگھ نے اپنی تقریر میں تمام طلباء سے زندگی بھر اتحاد اور قومی سالمیت کو ترجیح دینے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

ریاستی سیاحتی ترقیاتی کارپوریشن اپنے قیام کے 50 سال مکمل کررہا ہے۔ اس گولڈن جوبلی سال کے موقعے پر سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے مختلف سرگرمیاں اور مہم چلائی جارہی ہیں۔ کل چھترپتی سمبھاجی نگر کے سیاحتی کارپوریشن کے دفتر کے روبرو رنگولی بنا کر اور دِیے روشن کرکے ان سرگرمیوں کا آغاز کیا گیا۔ ترقیاتی کارپوریشن کے علاقائی مینیجر دیپک ہرنے' نے بتایا کہ سیاحتی کارپوریشن نے ثقافتی، تاریخی اور مذہبی مقامات کے تحفظ اور ہمہ گیر ترقی کے کام کیے ہیں۔ گولڈن جوبلی سال کی مناسبت سے کارپوریشن مختلف سرگرمیاں، خصوصی پروگرام، نمائش اور سیاحوں کیلئے خصوصی اقدامات کررہا ہے۔ اس میں مقامی افراد کی شراکت سے سیاحتی ترقی کی سرگرمیاں شامل ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی وزیر برائے ماحولیات وبقائے مویشیاں پنکجا منڈے نے کہا ہے کہ ملاوٹ سے پاک دودھ وقت کی ضرورت ہے اور اس کام میں علاقے کے محققین کا کردار اہم ہے۔ کل ناگپور میں مہاراشٹر مویشی و ماہی سائنس یونیورسٹی کے ''ورلڈ اینیمل نیوٹریشن کانفرنس' وین کان کے افتتاح کے موقع پر وہ مخاطب تھیں۔ دریں اثناء انھوں نے سنتوش دیشمکھ قتل معاملے کو سیاست سے نہیں بلکہ حساسیت سے حل کرنے کا مشورہ بھی دیا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کی ماجھی وسندھرا مہم میں چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے ڈویژن میں سرِفہرست مقام حاصل کیا ہے۔ اس سلسلے میں میونسپل کارپوریشن کو ڈیڑھ کروڑ کے انعامات دیگر اعزاز سے نوازا گیا۔ صفائی سے متعلق مختلف منصوبوں اور تحفظِ ماحولیات کے تئیں بیداری' شجر کاری' کچرے کو ٹھکانے لگانے' شہر کی خوبصورتی وتزئین کاری' فضائی آلودگی کی روک تھام' کھام ندی کے تحفظ و بحالی کے اقدامات کرنے پر میونسپل کارپوریشن کو اعزاز سے نوازا گیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے کے تلجا بھوانی مندر کمیٹی کی زمین پر 300 میگا واٹ شمسی توانائی منصوبے کی تعمیر کیلئے تقریباً ایک ہزار 350 کروڑ روپئوں کی سرمایہ کاری کیلئے ملک بھر کی نامور کمپنیوں نے پیش رفت کی ہے۔ مندر کمیٹی کے ٹرسٹی ورکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کل اس ضمن میں منعقدہ میٹنگ میں یہ اطلاع دی۔

دریں اثناء' وزیرِ اعلیٰ شمسی زرعی پمپ اسکیم اور نانا جی دیشمکھ زرعی سنجیونی منصوبے کے ذریعے دھاراشیو کے جینت جگداڑے نے اپنے کھیت کی فصل میں اضافہ کیا ہے۔

***** ***** *****

مادھوراؤ پاٹل شیڑ گاؤنکر نے کہا ہے کہ اگر محنت کشوں کو انعام دینے کے منصوبے بنائے جائیں تو ملک ترقی کرے گا۔ وہ ہنگولی ضلع کے کرشن پور کے نارائن واگھمارے کالج کے نیشنل سروس اسکیم کیمپ کے افتتاح کے موقعے پر مخاطب تھے۔

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ڈھائی لاکھ روپے آمدنی والے زمرے کی خواتین کو ہی لاڑکی بہین اسکیم کا فائدہ ملے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار کی وضاحت۔

☆ چھترپتی سمبھاج نگر ضلعے میں بنگلہ دیشی دراندازوں کی تلاش مہم شروع کرنے کا رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ کا اعلان۔

☆ پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلے سے ملکی معیشت کو دو لاکھ کروڑ روپے کا فائدہ ہوگا۔

☆ ایم ٹی ڈی سی کی جانب سے مختلف گولڈن جوبلی سال کے موقعے پر سیاحوں کو راغب کرنے کیلئے سرگرمیوں کا انعقاد۔

اور۔۔۔☆ ''ماجھی وسندھرا'' مہم میں چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کو ڈویژن میں سرِ فہرست مقام، ڈیڑھ کروڑ روپے کا انعام دیگر میونسپل انتظامیہ کا اعزاز۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔ اس کے بعد ہمارے مرکز کا اگلا مراٹھی بلیٹن صبح گیارہ بجے نشر ہوگا۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****